| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ی' کی پہچان کر سکیں'۔ اُس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف '' ا تا ء '' کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو حرف 'ی' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ی' ہے یہ حروف تہجی سینتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ی' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ی' کے ذخیرہ الفاظ (یاقوت، یخنی، یاک، یکہ، یادگار، یویو، یونیفارم) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ی' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو 'ی' سے یکہ کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'ی' کا تلفظ صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ رنگ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف تہجی ،کی پہچان کرسکیں'۔ اُس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'ی' کا فلیش کارڈ دکھا کر اُس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ی' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>تتلی رانی تتلی رانی    کہو کہاں سے آئی ہو<br>کیا تم کوئی شہزادی ہو؟    پرستان سے آئی ہو<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 84 کھولیں اور حرف 'ی' پر انگلی پھیریے اور حرف ی سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے 'ی' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**'ی' سے یاک:**<br>بچوں کو 'ی' سے یاک کا کٹ آؤٹ دیا جائے گا اور اس کے ساتھ گوگلی آنکھیں، ناک، کان اور سینگوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے اور بچوں کی مدد کی جائے گی یاک کے کٹ آؤٹ پر اُن کو چسپاں کرانے کے لیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو 'ی' سے شروع ہونے والی اشیاء کو رنگ کرنے کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 84<br>براؤن چارٹ پیپر گوگلی آنکھیں لائٹ براؤن چارٹ گلو<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ی' کی پہچان کر سکیں'۔ اُس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ی' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'ی' کی نظم دہرائی جائے گی | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ی' کی کہانی سنیں گے۔<br>یمنہ اپنی فیملی کے ساتھ شمالی علاقہ کی سیر کو گئی۔ وہ جنوری کے مہینے میں گئے وہاں یخ ٹھنڈ تھی اس کے ابو نے سب کے لیے یخنی منگوائی اس کے بعد اس ابو نے یکہ منگوایا اور وہ سب سیر کو چلے گئے۔ جب وہ واپس اپنے گھر آئے تو یمنہ اپنی امی کو وہاں کی باتیں یاد کر کے بتا رہی ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ی' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچے حرف 'ی' پر پینسل پھیریں گے اور رنگین کاغذ کے ٹکڑے کاٹ کر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، رنگین ،کاغذ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے یخ، یخنی، یاد، یکہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ی' کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اُس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ی' کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ی' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا اس میں 'ی' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ی' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے یادگار یو یو اور یونیفارم کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور بچوں کو ان الفاظ کے ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گراؤنڈ میں لے کر جایا جائے گا اور حرف 'ی' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 85 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا کوا کی ابتدائی آواز 'ی' ہے۔ بچوں کو 'ی' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ی' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ نمبر 85 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ی' کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اُس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات )اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ی' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کران کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand letters پر حرف 'ی' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ی' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکیں۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر حرف 'ی' کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 3منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ی' پر پینسل پھیرے۔ | | | |